| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: دُعائیں |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- والدین کے لیے دُعا یاد کر کے اپنی روز مرّہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 10 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو دُعا کا مطلب بتائیں۔ ''مانگنا یا پُکارنا''۔ انھیں بتائیں دُعا ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے مانگنی چاہیے۔ دُعا مانگنے سے اللہ تعالیٰ خوش بھی ہوتا ہے اور دعاؤں کو قبول بھی کرتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 10 کھولنے کی ہدایت کریں۔
- پہلے دُعا کو خود درست تلفّظ سے پڑھیں۔ پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ آپ کے ساتھ باآواز بلند دہرائیں۔
- دُعا کا ترجمہ بھی پڑھائیں اور طلبہ کو بتائیں ہمارے مذہب اسلام میں والدین کا مقام دیکھا جائے تو حقوق العباد میں اللہ تعالیٰ نے سب سے زیادہ اہمیت اور اوّلیت والدین کے حقوق کو دی ہے۔
- طلبہ کو دُعا کی تین سے پانچ بار مشق کرائیں۔

**اعادہ:** 2 منٹ

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**جائزہ:** 6 منٹ

متفرق طلبہ سے دُعا درست تلفّظ اور تجوید سے سنیں۔

**گھر کا کام:** 2 منٹ

گھر میں کسی بڑے کو دُعا زبانی یاد کر کے سنائیں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب چہارم: اخلاق و آداب | سبق کا نام: بڑوں کا ادب |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قرآن و سنّت کی روشنی میں بڑوں کے ادب و احترام کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختۂ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں دینِ اسلام ہمیں اپنے بڑوں کے ساتھ ادب و احترام سے پیش آنے کی تعلیم دیتا ہے۔ تختۂ تحریر پر واضح کر کے نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کا ارشادِ پاک لکھیں:

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا:

”وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور بڑوں کا ادب نہیں کرتا۔“

**طریقۂ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۳ کے پہلے پیرا گراف کے متن کی پڑھائی کروائیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے سوال کریں کہ بڑوں میں کون کون شامل ہیں۔ انھیں بتائیں ہمارے بڑوں میں درج ذیل افراد شامل ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| والدین | بہن، بھائی | دادا، دادی | نانا، نانی |
| چچا، ماموں | خالہ، خالو وغیرہ۔ | | |

- ہم سے عمر میں بڑے لوگ ہمارے بڑے کہلاتے ہیں اور ان کا ادب و احترام کرنا ہمارا اخلاقی اور دینی فرض ہے۔
- انھیں بتائیں جو بچے بڑوں کا ادب کرتے ہیں وہ باادب بچے کہلاتے ہیں اور باادب بچوں کو سب لوگ پسند کرتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تعلیم | تَع۔ لیم | سکھانا، تربیت دینا |
| تلقین | تَل۔ قین | نصیحت |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کیا آپ اپنے بڑوں کا ادب واحترام کرتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

بڑوں کے ادب واحترام کے متعلق پانچ جملے اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 6 | اُستاد کا نام: _____ |

| سبق کا نام: بڑوں کا ادب | باب چہارم: اخلاق و آداب |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- بڑوں کے ادب و احترام کے بارے میں جان سکیں۔
- بڑوں کے ادب و احترام کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں جتنے بھی حقوق العباد کا ذکر کیا ہے۔ ان میں سب سے زیادہ اہمیت والدین کے حقوق کو دی ہے اس سے مراد ہے کہ والدین سے بڑھ کر واجب الاحترام دنیا میں کوئی اور نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے والدین کے ساتھ حُسن سلوک کا حکم دیا ہے اور اسکا بہت اجر و ثواب بھی رکھا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۲ تا ۴۳ پر دوسرے پیرا گراف کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کئی مقامات پر والدین کے احترام کا ذکر کیا ہے جس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ انسانوں میں سب سے پہلا حق والدین کا ہے۔ والدین اولاد کی تربیت اور پرورش میں سب سے اعلیٰ مقام رکھتے ہیں۔ سورۃ بنی اسرائیل آیت ۲۲ تا ۲۴ میں ارشادِ ربّانی ہے۔

  ترجمہ: ''تم لوگ اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو''۔

ایک اور حدیث میں ارشاد ہے: اگر تمھارے پاس اِن میں کوئی ایک یا دونوں بوڑھے ہو جائیں تو انھیں اُف تک نہ کہو، اُنھیں جھڑک کر جواب نہ دو بلکہ اُن سے احترام کے ساتھ بات کرو اور اُن کے سامنے جھک کر رہو۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| حکم ماننا | حکم۔ماننا | کہنا ماننا |
| بھلائی کرنا | بھَ۔لا۔اِی | اچھا سلوک کرنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے تصوّر کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کے سوال ا تا ۴ طلبہ سے پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

باادب بچوں کی فہرست بنائیں تاکہ دوسرے بچوں میں بھی بڑوں کا ادب کرنے کا جذبہ پیدا ہو۔